AL-ABBAS | SUGAR Mills Limited

Ref No. AASML/PSX/23/14

December 28, 2023

The General Manager,
M/s. Pakistan Stock Exchange Limited;
Stock Exchange Building,
Stock Exchange Road,
Karachi.

Dear Sir,

We are enclosing herewith Copies of our advertisements to be published in daily **"Dawn"**, and daily **"Jehan Pakistan"**, December 29, 2023 regarding that Notice of Annual General Meeting of the Company, and postal ballot.

This is for your information and record.

Thanking you,

Yours truly,

AL-ABBAS SUGAR MILLS LIMITED KARACHI

**ZUHAIR ABBAS**
*Company Secretary*

**Encl: as stated above**

# Al-Abbas Sugar Mills Limited

AL-ABBAS

## Notice of 33rd Annual General Meeting

Notice is hereby given that the 33rd Annual General Meeting of Al-Abbas Sugar Mills Limited will be held at **Mövenpick Hotel, Karachi** on **Thursday, January 25, 2024 at 11:30 a.m.** as well as through online meeting to transact the following business:

**Ordinary Business**

1. To confirm the minutes of the 32nd Annual General Meeting of the shareholders of the Company held on January 26, 2023.
2. To receive, consider and adopt Annual Audited Financial Statements for the year ended September 30, 2023, together with the reports of the Auditors' and Directors' thereon.
3. To declare and approve the cash dividend for the year ended September 30, 2023 on the ordinary shares of the Company. The Directors have recommended a final cash dividend at 60% i.e. Rs. 6 per share. This is in addition to the interim dividend 500% i.e. Rs. 50.00 per share already paid. The total dividend for 2022-23 will thus amount to Rs. 972.289 million i.e. Rs. 56 per share.
4. To appoint auditors for the ensuing year, and to fix their remuneration. The retiring auditors M/s. BDO Ebrahim & Co. Chartered Accountants, being eligible have offered themselves for re-appointment for the year 2024.

**Special Business**

5. To approve, as and by way of an Ordinary Resolution, the transmission of the annual balance sheet, profit & loss account, auditors report, directors report (the "Audited Annual Financial Statements") and the notice of general meetings etc. to the Company's shareholders through email or QR enabled code and weblink as allowed by the Securities and Exchange Commission of Pakistan via S.R.O No. 389(I)/2023 dated March 21, 2023:
   "Resolved that as notified by the Securities and Exchange Commission of Pakistan via S.R.O No. 389(I)/2023 dated March 21, 2023 transmission of Audited Financial Statements to the members through QR enabled code and weblink instead of transmitting the Audited Annual Financial Statements through CD/DVD/USB, be and is hereby ratified and approved for future."
6. To transact any other business with the permission of the chair.

By Order of the Board

Karachi: December 29, 2023

**Zuhair Abbas**
Company Secretary

**Notes:**

1. **Closure of Share Transfer Books:**
   The Share Transfer Books of the Company will remain closed from January 18, 2024 to January 25, 2024 (both days inclusive) for the purpose of Annual General Meeting and payment of final dividend. Transfer requests on prescribed format, received at the office of the Share Registrar of the Company, M/s. CDC Share Registrar Services Limited, CDC House, 99-B, Block B, S.M.C.H.S., Main Shahrah-e-Faisal, Karachi-74400 on or before the close of business on January 17, 2024 will be treated 'in time' for the purpose of above entitlement(s) to the transferees and/ or to attend the AGM and vote at the meeting.
2. **Virtual Participation in the AGM Proceedings:**
   a. Through Electronic Means (Via Video Conferencing)
   In the light of the relevant guidelines issued by the SECP from time to time, the shareholders are encouraged to participate in the General Meeting through electronic facility arranged by the Company. In order to attend the General Meeting through electronic facility, the shareholders are requested to get themselves registered with the company before the time of General Meeting at agm@aasml.com; please provide your details as follows:

| Name of Shareholder | CNIC No. | Folio No./ CDC Account No. | No. of Shares | Contact No. | Email Address |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | |

   Online meeting link and login credentials will be shared with only those Members whose emails, containing all the required particulars, are received at the given email address by the end of business at 02:00 p.m. on Wednesday January 24, 2024. The login facility shall remain open from 11:00 a.m. till the end of the Meeting on January 25, 2024.
3. **Participation in the AGM:**
   All members, entitled to attend and vote at the meeting, are entitled to appoint another person in writing as their proxy to attend and vote on their behalf. A proxy must be a member of the Company. In case of corporate entities, power of attorney or other authority/ board resolution under which it is signed or a notarially attested copy of power of attorney lodged at the Company's Registered Office address: Pardesi House, Survey No. 2/1, R.Y.16, Old Queens Road, Karachi at least 48 hours before the time of the meeting.
   CDC account holders will further have to follow the below mentioned guidelines as laid down by the Securities and Exchange Commission of Pakistan.
   **a. For Attending the Meeting:**
   i. In case of individuals, the account holders or sub-account holders whose registration details are uploaded as per the Regulations shall authenticate his/ her original valid CNIC or the original passport at the time of attending the meeting.
   ii. Members registered on CDC are also requested to bring their particulars, I.D. numbers and account numbers in CDS.
   iii. In case of corporate entity, the Board of Directors' resolution/ power of attorney with specimen signature of the nominee shall be produced (unless it has been provided earlier) at the time of the meeting.
   **b. For Appointing Proxies:**
   i. In case of individuals, the account holders or sub-account holders whose registration details are uploaded as per the CDC Regulations shall submit the proxy form as per above requirements.
   ii. Attested copies of valid CNIC or the passport of the beneficial owners and the proxy shall be furnished with the proxy form.
   iii. The proxy shall produce original valid CNIC or original passport at the time of the meeting.
   iv. In case of corporate entity, the Board of Directors' resolution/ power of attorney with specimen signature shall be submitted (unless it has been provided earlier) along with proxy form to the Company.
   v. Proxy form will be witnessed by two persons whose names, addresses and valid CNIC numbers shall be mentioned on the form.
4. **Transmission of the Annual Audited Financial Statements through CD/ DVD:**
   SECP through its SRO 470 (I)/2016 dated May 31, 2016 have allowed companies to circulate their Annual Audited Financial Statements to their members through CD/ DVD at their registered addresses. In view of the above, the Company has sent its Annual Report to the Shareholders in the form of CD/ DVD. Any Member can send request for printed copy of the Annual Report to the Company on standard request form placed on its website https://www.aasml.com.
5. **Transmission of Audited Financial Statements / Notices Through Email:**
   Members are hereby informed that pursuant to SECP SRO 787(1)/2014 dated September 8, 2014, and under section 223(6) of the Companies Act 2017, circulation of Audited Financial Statements and Notice of Annual General Meeting has been allowed in electronic format through email.
   In compliance with the above mentioned requirements, members who wish to receive the Annual Report 2023 in electronic form may file an application as per the form provided on the Company's website in compliance with the subject SRO. The members who have provided consent to receive Annual Report 2023 can subsequently request any other media including hard copy which shall be provided free of cost.
6. **Placement of Financial Statements on Website:**
   The Financial Statements of the Company for the year ended September 30, 2023 along with reports have been placed on the website of the Company: https://www.aasml.com.
7. **Mandatory Information – (Email, CNIC, IBAN and Zakat Declaration):**
   In compliance with Section 119 of the Companies Act, 2017 and Regulation 19 Companies (General Provisions and Forms) Regulations, 2018 members are requested to immediately provide their mandatory information such as CNIC number, updated mailing address, email, contact mobile/ telephone number and International Banking Account Number (IBAN) together with a copy of their CNIC to update our records and to avoid any non-compliance of the law. Otherwise, all dividends will be withheld in terms of Regulation 6 of the Companies (Distribution of Dividends) Regulations, 2017;
   - For physical shares to M/s CDC Share Services Limited
   - For shares in CDS to CDC Investors A/c Services or respective participant
   Members are requested to submit a declaration (CZ-50) as per Zakat & Ushr Ordinance 1980 for Zakat exemption and advise a change in address if any.
8. **E-Dividend Bank Mandate:**
   As per Section 242 of the Companies Act, 2017, in the case of a Public listed company, any dividend payable in cash shall only be remitted through electronic mode directly into the bank account designated by the entitled shareholders. Therefore, through this notice, all shareholders are requested to update their bank account No.
   (IBAN) and details in the Central Depository System through respective participants. In case of physical shares, to provide bank account details to our Share Registrar, M/s CDC Share Services Limited. Please ensure an early update of your particulars to avoid any inconvenience. The e-Dividend mandate form is available on the company's website i.e. https://www.aasml.com.
9. **Deduction of Income Tax from Dividend under Section 150 of the Income Tax Ordinance, 2001 ("Income tax Ordinance"):**
   The rates of deduction of withholding tax for Filers and Non-Filers as prescribed under Section 150 of the Income Tax Ordinance 2001, are as under:

| S.No. | Nature of Shareholder | Rate of Deduction |
|---|---|---|
| 1 | Filers of income tax return | 15% |
| 2 | Non – filer of income tax return | 30% |

   To enable the Company to make tax deductions on the amount of cash dividend at 15% instead of 30%, shareholders are requested to please check and ensure Filer status from Active Taxpayers List (ATL) available at FBR website http://www.fbr.gov.pk as well as ensure that their CNIC/Passport number has been recorded by the participant/Investor Account Services or by Share Registrar (in case of physical shareholding). Corporate entities (non-individual shareholders) should ensure that their names and National Tax Numbers (NTN) are available in ATL at FBR website and recorded by respective Participant/ Investor Account Services or in case of physical shareholding by Company's Share Registrar.
   **Withholding tax on Dividend in case of Joint Account Holders**
   Members who have joint shareholdings held by Filers and Non-Filers shall be dealt with separately and in such particular situation, each account holder is to be treated as either a Filer or a Non-Filer and tax will be deducted according to his/ her shareholding.
   If the share is not ascertainable then each account holder will be assumed to hold equal proportion of shares and the deduction will be made accordingly. Therefore, in order to avoid deduction of tax at a higher rate, the joint account holders are requested to provide the below details of their shareholding to the Share Registrar of the Company latest by the Annual General Meeting date.

| Folio / CDC A/C No. | Name of Shareholder | CNIC | Shareholding | Total Shares | Principal/ Joint Shareholder |
|---|---|---|---|---|---|

   **Valid Tax Exemption Certificate for Exemption from Withholding Tax**
   A valid tax exemption certificate is necessary for exemption from the deduction of withholding tax under Section 150 of the Income Tax Ordinance, 2001. Members who qualify under Clause 47B of Part IV of the Second Schedule to the Income Tax Ordinance, 2001 and wish to seek an exemption must provide a copy of their valid tax exemption certificate to the Shares Registrar prior to the date of commencement of Book closure otherwise tax will be deducted according to the applicable law.
10. **Unclaimed Dividend/ Shares under Section 244 of the Companies Act, 2017:**
   An updated list for unclaimed dividend/ shares of the Company is available on the Company's website https://www.aasml.com. These are unclaimed dividend/ shares, which have remained unclaimed or unpaid for a period of three (3) years from the date these have become due and payable.
   Shareholders are requested to ensure that their claims for unclaimed dividend and share are lodged promptly. Shareholders, who by any reason, could not claim their dividend, if any, are advised to contact our Share Registrar M/s. CDC Share Registrar Services Limited, CDC House, 99-B, Block B, S.M.C.H.S., Main Shahrah-e-Faisal, Karachi-74400 and collect/ enquire about their unclaimed dividend, if any. Incase no claim is lodged, the Company shall proceed to deposit the unclaimed/ unpaid Account and shares with the Federal Government pursuant to the provision of Section 244 (2) of Companies Act, 2017.
11. **Consent for video conference facility:**
   Pursuant to Section 132(2) & section 134(b) of the Companies Act, 2017, if the Company receives consent form from Shareholders holding aggregate 10% or more shareholding residing at geographical location to participate in the meeting through video conference at least 7 days prior to the date of meeting, the Company will arrange video conference facility in that city subject to availability of such facility in that city. To avail this facility please provide following information and submit to registered office of the Company:
   I / We, _________________ of _________________, being a member of Al-Abbas Sugar Mills Limited, holder of _________________ ordinary share(s) as per Registered Folio/ CDC Account No. _________________ hereby opt for video conference facility at _________________.
   _________________
   Signature of Member
12. **Polling on Special Business**
   The members are hereby notified that pursuant to Companies (Postal Ballot) Regulations, 2018 amended through Notification vide SRO 2192(1)/2022 dated December 05, 2022 issued by the SECP. The SECP has directed all the listed companies to provide the right to vote through electronic voting facility and voting by post to the members on all businesses classified as special business Accordingly, members of Al-Abbas Sugar Mills Limited (the "Company") will be allowed to exercise their right to vote through e-voting facility or voting by post for the special business in its forthcoming Annual General Meeting to be held on Thursday, January 25, 2024 at 11.30a.m., in accordance with the requirements and subject to the conditions contained in the aforesaid Regulations.
13. **Procedure for E-Voting**
   i. Details of the e-voting facility will be shared through an e-mail with those members of the Company who have their valid CNIC numbers, cell numbers, and e-mail addresses available in the register of members of the Company by the close of business on January 17, 2024.
   ii. The web address, login details, and password, will be communicated to members via email. The security codes will be communicated to members through SMS from the web portal of CDC Share Registrar Services Limited (being the e-voting service provider).
   iii. Identity of the Members intending to cast vote through e-voting shall be authenticated through electronic signature or authentication for login.
   iv. E-Voting lines will start from January 22, 2024, 09:00 a.m. and shall close on January 24, 2024 at 5:00 p.m. Members can cast their votes any time during this period. Once the vote on a resolution is cast by a Member, he/ she shall not be allowed to change it subsequently.
14. **Procedure for Voting Through Postal Ballot**
   a. Members may alternatively opt for voting through postal ballot. For the convenience of the members, Ballot Paper is annexed to this notice and the same is also available on the Company's website www.aasml.com
   b. The members must ensure that the duly filled and signed ballot paper, along with a copy of Computerized National Identity Card (CNIC) should reach the Chairman of the meeting through post at the Company's Karachi Office, Al-Abbas Sugar Mills Limited, Pardesi House Survey No. 2/1 R.Y. 16 Old Queens Road, Karachi, or email at chairman@aasml.com one day before the AGM, i.e., on January 24, 2024 before 5:00p.m. A postal ballot received after this time / date shall not be considered for voting. The signature on the Ballot Paper shall match with signature on the CNIC.
15. **Deposit of Physical Shares into CDC Accounts**
   As per Section 72 of the Companies Act, 2017 all existing companies are required to convert their physical shares into book-entry form within a period not exceeding four years from the date of commencement of the Companies Act, 2017.
   The Securities & Exchange Commission of Pakistan through its circular # CSD/ED/Misc./2016-639-640 dated March 26, 2021 has advised the listed companies to pursue their such members who still hold shares in physical form to convert their shares into book-entry form.
   We hereby request all such members of Al Abbas sugar Mills limited who are holding shares in physical form to convert their shares into book-entry form at the earliest. They are also suggested to contact the Central Depository Company of Pakistan Limited or any active member/stockbroker of the Pakistan Stock Exchange to open an account in the Central Depository System to facilitate the conversion of physical shares into book-entry form.
   Members are informed that holding shares in book-entry form has several benefits including but not limited to; _
   - Secure and convenient custody of shares
   - Conveniently tradeable and transferable
   - No risk of loss, damage or theft
   - No stamp duty on transfer of shares in book-entry form
   - Seamless credit of bonus or right shares
   We once again strongly advise members of the Company, in their best interest, to convert their physical shares into book-entry form at the earliest.

**Statement under Section 134(3) of the Companies Act, 2017**

This statement sets out material facts concerning the special businesses, proposed to be transacted at the Annual General Meeting of the Company to be held on January 25, 2024.

**Item No.5 of the agenda – To circulate annual audited financial statements through QR enabled code**

SECP, vide its notification No. SRO 389(I)/2023 dated March 21, 2023, have allowed the listed companies to circulate the annual balance sheet and profit and loss account, auditor's report and director's report, etc. ("annual audited financial statements") to its members through QR enabled code and weblink to its members subject to approval of shareholders in the Annual General Meeting. This facility will help all members, wherever they are located, to access the financial statements of the Company. Secondly, it will also reduce unnecessary expenditure for making CDs etc., it was also noted that most new computers do not have CD Rom as well, which was causing problems for many members.

Considering technological advancements and old technology becoming obsolete, the circulation of annual audited financial statements through CD/ DVD/ USB will be discontinued.

The Company will supply the hard copies of the annual audited financial statements to the shareholders on demand, free of cost, within one week of such demand. In this regard, the Company will place a Standard Request Form on its website along with the designated postal and email address of the Company Secretary/ Share Registrar to whom such requests will be made.

No directors have direct or indirect interest in the above-said business other than as shareholders of the Company.

**Ballot Paper for voting through post for the special Business at the Annual General Meeting to be held on Thursday, January 25, 2024 at 11:30 a.m. at Moven Pick Hotel, Karachi**

AL-ABBAS

**AL-ABBAS SUGAR MILLS LIMITED**

Registered Office: Pardesi House, Survey No. 2/1, R.Y.16,Old Queens Road, Karachi
UAN: (92-21) 111-111-224; Fax No. (92-21) 32470090
Website: https://www.aasml.com

Designated email address of the chairman at which the duly filled in ballot paper may be sent: chairman@aasml.com

| | |
|---|---|
| Name of shareholder/ joint shareholders | |
| Registered Address | |
| Folio Number/ CDC Account No. | |
| Number of shares held | |
| CNIC No./ Passport No - in case of foreigner (copy to be attached) | |
| Additional Information and enclosures (In case of representative of body corporate, corporation and Federal Government) | |

I/we hereby exercise my/ our vote in respect of the following resolutions through postal ballot by conveying my/ our assent or dissent to the following resolution by placing tick (✓) mark in the appropriate box below

| Agenda No. | Nature and Description of Resolutions | No. of ordinary shares for which votes cast | I/We assent to the Resolutions (FOR) | I/We assent to the Resolutions (AGAINST) |
|---|---|---|---|---|
| | Special Business | | | |
| 05 | To approve, as and by way of an Ordinary Resolution, the transmission of the annual balance sheet, profit & loss account, auditors report, directors report (the "Audited Annual Financial Statements") and the notice of general meetings etc. to the Company's shareholders through email or QR enabled code and weblink as allowed by the Securities and Exchange Commission of Pakistan via S.R.O No. 389(I)/2023 dated March 21, 2023 "Resolved that as notified by the Securities and Exchange Commission of Pakistan via S.R.O No. 389(I)/2023 dated March 21, 2023 transmission of Audited Annual Financial Statements to the members through QR enabled code and weblink instead of transmitting the Audited Annual Financial Statements through CD/DVD/USB, be and is hereby ratified and approved for future." | | | |

_____________________
Signature of shareholder(s)

Place: Karachi, Date: December 29, 2023

**NOTES/PROCEDURE FOR SUBMISSION OF BALLOT PAPER:**

1. Dully filled postal ballot should be sent to the Chairman Mr. Zakaria Usman, AL-ABBAS SUGAR MILLS LIMITED, Pardesi House, Survey No. 2/1, R.Y.16, Old Queens Road, Karachi - Pakistan or at e-mail: chairman@aasml.com.
2. Copy of CNIC/Passport (in case of foreigner) should be enclosed with the postal ballot form.
3. Postal ballot forms should reach chairman of the meeting on or before January 24, 2024 during working hours. Any postal ballot received after this date, will not be considered for voting.
4. Signature on postal ballot should match with signature on CNIC/Passport (in case of foreigner).
5. Incomplete, unsigned, incorrect, defaced, torn, mutilated, over written ballot paper will be rejected.

ORIENT-McCANN

43 x 6

# العباس شوگر ملز لمیٹڈ

AL-ABBAS

## 33ویں سالانہ اجلاسِ عام کی اطلاع

بذریعہ نوٹس ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ العباس شوگر ملز لمیٹڈ کا 33واں سالانہ اجلاسِ عام بروز جمعرات مورخہ 25 جنوری 2024 بوقت صبح 11:30 بجے بمقام موون پک ہوٹل، کراچی میں اور بذریعہ آن لائن منعقد ہوگا، جس میں مندرجہ ذیل امور کی کاروائی عمل میں لائی جائے گی۔

**عمومی امور:**

1۔ کمپنی کے حصص یافتگان کے 32ویں سالانہ اجلاسِ عام منعقدہ 26 جنوری 2023 کے اجلاس کی کاروائی کی توثیق۔

2۔ سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارے، ختم شدہ سال 30 ستمبر 2023 کے ہمراہ آڈیٹرز اور ڈائریکٹرز رپورٹ پر غور وخوض، وصولی اور منظوری۔

3۔ کمپنی کے ختم شدہ سال 30 ستمبر 2023 کے لئے عام حصص پر منافع منقسمہ کا اعلان اور منظوری۔ ڈائریکٹرز نے 60% یعنی 6 روپے فی شیئر کے حساب سے حتمی نقد منافع کی سفارش کی ہے۔ یہ عبوری ڈیویڈنڈ 500% یعنی 50 روپے فی حصص کے علاوہ ہے جو پہلے سے ادا ہو چکا ہے۔
اس طرح سال 23-2022 کے دوران کل نقد منافع منقسمہ 972.289 ملین بحساب 56 روپے فی حصص ہو گیا ہے۔

4۔ آئندہ سال کے آڈیٹرز کا تقرر اور ان کے مشاہرے کا تعین۔ موجودہ آڈیٹرز میسرز بی ڈی او ابراہیم اینڈ کمپنی چارٹرڈ اکاؤنٹنٹ سبکدوش ہو گئے ہیں اور انہوں نے اپنی متعلقہ اہلیت کی بنیاد پر برائے سال 2024 دوبارہ تقرری کے لئے اپنی خدمات پیش کی ہیں۔

**خصوصی امور:**

5۔ ایک عام قرارداد کی منظوری کے لیے، ایس آر او نمبر 389 (I) 2023/ بتاریخ 21 مارچ 2023 کے مطابق سالانہ بیلنس شیٹ، نفع اور نقصان کے کھاتے، آڈیٹرز کی رپورٹ، ڈائریکٹرز کی رپورٹ ("آڈٹ شدہ سالانہ مالیاتی گوشوارے") اور عام اجلاسوں کے نوٹس وغیرہ کی کمپنی کے شیئر ہولڈرز کو ترسیل بذریعہ ای میل یا QR فعال کوڈ اور ویب لنک، جیسا کہ سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی اجازت ہے:
قرار طے پایا کہ جیسا کہ سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی طرف سے ایس آر او نمبر 389 (I) 2023/ بتاریخ 21 مارچ 2023 کے ذریعے مطلع کیا گیا ہے، آڈٹ شدہ سالانہ مالیاتی گوشواروں کی ترسیل بذریعہ CD/DVD/USB کے بجائے QR فعال کوڈ اور ویب لنک کے ذریعے سے اراکین کو آڈٹ شدہ سالانہ مالیاتی گوشواروں کی ترسیل ہو اور مستقبل کے لیے اس کی توثیق اور منظوری دی جائے گی۔"

6۔ صدر اجلاس کی اجازت سے دیگر امور کی انجام دہی۔

بحکم بورڈ آف ڈائریکٹر
**زُہیر عباس**
کمپنی سیکریٹری

کراچی: 29 دسمبر 2023

**نوٹس:**

1۔ **حصص منتقلی کتب کی بندش:**
سالانہ اجلاسِ عام کے انعقاد اور حتمی نقد منافع منقسمہ کی ادائیگی کے سلسلے میں کمپنی کی حصص منتقلی کی کُتب 18 جنوری 2024 تا 25 جنوری 2024 (بشمول دونوں ایام) بند رہیں گی۔ ٹرانسفر کی درخواستیں مجوزہ فارمیٹ پر کمپنی کے شیئرز رجسٹرار میسرز سی ڈی سی رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، B-99، بلاک بی، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہ فیصل کراچی، 74400، کو 17 جنوری 2024 کو کاروباری دن کے اختتام سے پہلے موصول ہو جانی چاہئیں۔ صرف اس تاریخ تک موصول ہونے والی ٹرانسفر کی درخواستیں سالانہ اجلاس عام میں شرکت اور ووٹ دینے کی اہل تصور کی جائیں گی۔

2۔ **اجلاس عام میں ورچوئل شرکت:**
**الف) الیکٹرانک ذرائع کے ذریعے (ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے):**
ایس ای سی پی کی طرف سے وقتاً فوقتاً جاری کردہ متعلقہ رہنما خطوط کی روشنی میں، شیئر ہولڈرز کو کمپنی کی جانب سے منظم کردہ الیکٹرانک سہولت کے ذریعے اجلاس عام میں شرکت کی ترغیب دی جاتی ہے۔ الیکٹرانک سہولت کے ذریعے جنرل میٹنگ میں شرکت کرنے کیلئے، شیئر ہولڈرز سے درخواست ہے کہ وہ **agm@aasml.com** پر اجلاس عام کے انعقاد کے وقت سے قبل کمپنی کے ساتھ رجسٹرڈ ہو جائیں۔ برائے مہربانی اپنی درج ذیل تفصیلات فراہم کریں:

| شیئرز ہولڈر کا نام | قومی شناختی کارڈ نمبر | فولیو نمبر / سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر | شیئرز کی تعداد | رابطہ نمبر | ای میل ایڈریس |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | |

نیز لنک اور لاگ ان کی تفصیلات صرف ان ممبرز کو دی جائیں گی جن کی بھیجی ہوئی ای میل میں مطلوبہ تفصیلات، کاروباری امور کے اختتام پر کمپنی کو بروز بدھ 24 جنوری 2024 کو دوپہر 02:00 بجے تک مذکورہ ای میل ایڈریس پر موصول ہوں گی۔
نیز لاگ ان کی سہولت مورخہ 25 جنوری 2024 کو صبح 11:00 بجے سے اجلاس عام کے اختتام تک کھلی رہے گی۔

3۔ **اجلاس عام میں شرکت:**
ہر ممبر کو اجلاسِ عام میں شرکت اور ووٹ دینے کا حق حاصل ہے نیز وہ تحریری طور پر اپنی جگہ کسی دوسرے شخص کو اپنا پراکسی مقرر کرسکتا ہے تاکہ وہ شرکت کرسکیں اور اپنی جانب سے حق رائے دہی کا استعمال کرسکیں، نیز پراکسی کے لئے کمپنی کا ممبر ہونا ضروری ہے۔ کارپوریٹ ادارے کی صورت میں، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی مع نامزد فرد کے دستخط کا نمونہ اور پراکسی کی تقرری کے متعلقہ کاغذات جو لازماً دستخط شدہ اور تصدیق شدہ ہونا ضروری ہیں اور اجلاس عام سے 48 گھنٹے یعنی دو دن قبل کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر پردیسی ہاؤس، سروے نمبر 2/1، آر وائی 16 اولڈ کوئنز روڈ، کراچی کو موصول ہونا ضروری ہیں۔
**سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز کو سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے ذریعے درج ذیل ہدایات پر عمل کرنا ہوگا**
**(الف) اجلاس عام میں شرکت کے لئے:**
(i) فرد کی صورت میں اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر کو اجلاس میں شرکت کے وقت اپنا اصل قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا، جس کی تصدیق ضوابط کے مطابق اَپ لوڈ کی گئی رجسٹریشن کی تفصیلات سے کی جائے گی۔
(ii) سی ڈی سی رجسٹرڈ ممبران سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنا قومی شناختی کارڈ، دیگر تفصیلات، آئی ڈی اور سی ڈی ایس اکاؤنٹ نمبر ہمراہ لائیں۔
(iii) کارپوریٹ ادارے کی صورت میں، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی مع نامزد فرد کے (اگر پہلے نہیں دیا ہو) دستخط کا نمونہ بوقت اجلاس کمپنی کو پیش کرنا ہوگا۔
**(ب) پراکسی کی تقرری کے لئے:**
(i) فرد کی صورت میں اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر جن کی سیکیورٹیز اور رجسٹریشن تفصیلات ضوابط کے مطابق اپ لوڈ کی گئی ہوں، کو اپنے پراکسی فارم کمپنی ضوابط کے تحت جمع کروانے ہوں گے۔
(ii) پراکسی کو اپنے یا بینیفیشل اونر کے درست قومی شناختی کارڈ اور پاسپورٹ کی تصدیق شدہ نقول پراکسی فارم کے ہمراہ پیش کرنا لازمی ہے۔
(iii) پراکسی کو اجلاس عام کے وقت اصل قومی شناختی کارڈ یا اصل پاسپورٹ لازمی طور پر پیش کرنا ہوگا۔
(iv) کارپوریٹ ادارے کی صورت میں، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی مع نامزد فرد کے دستخط کا نمونہ، اگر پہلے نہیں دیا ہو، بوقت اجلاس کمپنی کو پیش کرنا ہوگا۔
(v) پراکسی فارم کے کم سے کم دو گواہ ہونے چاہیں جن کے نام، پتہ اور اصل قومی شناختی کارڈ نمبر پراکسی فارم میں درج ہونے چاہئیں۔

4۔ **سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں کی سی ڈی/ ڈی وی ڈی کے ذریعے منتقلی:**
سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے نوٹیفکیشن ایس آر او نمبر 2016/(I)470 مورخہ 31 مئی 2016 کے تحت کمپنیوں کو اجازت ہے کہ وہ اپنے ممبران کو سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارے بذریعہ سی ڈی یا ڈی وی ڈی ان کے رجسٹرڈ پتہ پر ارسال کریں۔ مذکورہ بالا کو مدنظر رکھتے ہوئے، کمپنی نے اپنی سالانہ رپورٹ سی ڈی یا ڈی وی ڈی کی صورت میں شیئر ہولڈرز کو ارسال کردی ہے۔ کوئی بھی ممبر کمپنی کو سالانہ رپورٹ کی پرنٹ شدہ کاپی کی درخواست کمپنی کی ویب سائٹ https://www.aasml.com پر دستیاب اسٹینڈرڈ پر ارسال کرسکتا ہے۔

5۔ **آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں/ نوٹس کی ای میل کے ذریعے ترسیل:**
ممبران کو مطلع کیا جاتا ہے کہ ایس ای سی پی اپنے ایس آر او 787(1)/2014 بتاریخ 8 ستمبر 2014 کے مطابق اور کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 223(6) کے تحت آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں اور سالانہ عام اجلاس کے نوٹس کو الیکٹرانک فارمیٹ میں ای میل کے ذریعے ترسیل کرنے کی اجازت دی گئی ہے۔
مذکورہ بالا تقاضوں کی تعمیلات میں، وہ اراکین جو سالانہ رپورٹ 2023 کو الیکٹرانک فارم کی صورت میں وصول کرنا چاہتے ہیں، کمپنی کی ویب سائٹ پر فراہم کردہ فارم کے مطابق ایس آر او کے مضمون کے مطابق درخواست جمع کروا کر سکتے ہیں۔ جن اراکین نے سالانہ رپورٹ 2023 کے حصول کے لیے رضامندی ظاہر کی ہے وہ بعد ازاں ہارڈ کاپی سمیت کسی دیگر میڈیا سے متعلق درخواست کر سکتے ہیں جو انہیں بلا معاوضہ فراہم کی جائے گی۔

6۔ **مالیاتی گوشواروں کی ویب سائٹ پر دستیابی:**
30 ستمبر 2023 کو ختم ہونے والے مالی سال کے آڈٹ شدہ مالی گوشواروں کو بمع رپورٹس کمپنی کی ویب سائٹ **https://www.aasml.com** پر آویزاں کیا گیا ہے۔

7۔ **درکار لازمی معلومات۔ (ای میل ایڈریس، CNIC، IBAN اور زکوٰۃ استثنیٰ کا حلف نامہ):**
کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 119 اور ریگولیشن 19 کمپنیز (جنرل پروویژنز اینڈ فارمز) ریگولیشنز، 2018 کے تحت ممبران سے درخواست کی جاتی ہے کہ ہمارا ریکارڈ اَپ ڈیٹ کرنے اور قانون کی عدم تعمیل سے بچنے کے لیے، فوری طور پر اپنی لازمی معلومات جیسے کہ CNIC نمبر، اپ ڈیٹ شدہ میلنگ ایڈریس، ای میل، رابطہ موبائل/ ٹیلی فون نمبر اور بین الاقوامی بینکنگ اکاؤنٹ نمبر (IBAN) اپنے CNIC کی ایک کاپی کے ہمراہ فراہم کردیں۔ بصورت دیگر، تمام منافع کو کمپنیز (ڈسٹری بیوشن آف ڈیویڈنڈز) ریگولیشنز، 2017 کے ریگولیشن 6 کے مطابق روک دیا جائے گا۔
• میسرز CDC شیئر سروسز لمیٹڈ کو فزیکل شیئرز کے لیے
• CDS میں حصص کے لیے CDC انویسٹرز کی اکاؤنٹ سروسز یا متعلقہ شریک
اراکین سے درخواست ہے کہ وہ زکوٰۃ وعشر آرڈیننس 1980 کے مطابق زکوٰۃ سے استثنیٰ کے لیے حلف نامہ (CZ-50) جمع کروائیں اور اگر کوئی ہے تو ایڈریس میں تبدیلی تجویز کریں۔

8- **ای ڈیویڈنڈ بینک مینڈیٹ:**
کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 242 کے مطابق، پبلک لسٹڈ کمپنی کے معاملے میں، نقد میں قابل ادائیگی کوئی بھی ڈیویڈنڈ صرف الیکٹرانک موڈ کے ذریعے حقدار شیئر ہولڈرز کے نامزد کردہ بینک اکاؤنٹ میں بھیج دیا جائے گا۔
لہٰذا، اس نوٹس کے ذریعے، تمام حصص یافتگان سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے بینک اکاؤنٹ نمبر (IBAN) اور تفصیلات متعلقہ شرکاء کے ذریعے سنٹرل ڈپازٹری سسٹم میں اَپ ڈیٹ کریں۔ فزیکل شیئرز کی صورت میں، ہمارے شیئر رجسٹرار، میسرز سی ڈی سی شیئر سروسز لمیٹڈ کو بینک اکاؤنٹ کی تفصیلات فراہم کریں۔ کسی بھی زحمت سے بچنے کے لیے براہ کرم اپنی تفصیلات کی جلد از جلد اَپ ڈیٹ کو یقینی بنائیں۔ ای ڈیویڈنڈ مینڈیٹ فارم کمپنی کی ویب سائٹ **https://www.aasml.com** پر دستیاب ہے۔

9- **انکم ٹیکس آرڈیننس، 2001 ("انکم ٹیکس آرڈیننس" کے سیکشن 150 کے تحت ڈیویڈنڈ سے انکم ٹیکس کی کٹوتی):**
انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کے سیکشن 150 کے تحت فائلرز اور نان فائلرز کے لیے ودہولڈنگ ٹیکس کی کٹوتی کی شرحیں حسب ذیل ہیں:

| نمبر شمار | حصص یافتہ کی نوعیت | کٹوتی کی شرح |
|---|---|---|
| 1 | انکم ٹیکس ریٹرن فائل کرنے والے | 15% |
| 2 | انکم ٹیکس ریٹرن فائل نہ کرنے والے | 30% |

کمپنی کو منافع منقسمہ کی رقم پر 30% کے بجائے 15% ٹیکس کی کٹوتی کے قابل بنانے کے لیے، حصص یافتگان سے درخواست کی جاتی ہے کہ براہ کرم ایف بی آر کی ویب سائٹ http://www.fbr.gov.pk پر دستیاب ایکٹو ٹیکس ادا کنندگان کی فہرست ATL سے فائلر اسٹیٹس کو چیک کریں اور یقینی بنائیں کہ ان کا قومی شناختی کارڈ نمبر/ پاسپورٹ نمبر/ شرکت کنندہ/ انویسٹر اکاؤنٹ سروسز یا شیئر رجسٹرار کے ذریعے (فزیکل شیئر ہولڈنگ کی صورت میں) اندراج کرلیا گیا ہے۔ کارپوریٹ اداروں (غیر انفرادی حصص یافتگان) کو اس بات کو یقینی بنانا چاہئے کہ ان کا نام اور نیشنل ٹیکس نمبر (NTN) ایف بی آر کی ویب سائٹ کے ATL میں دستیاب ہے اور متعلقہ شراکت دار/ انویسٹر اکاؤنٹ سروسز یا فزیکل شیئر ہولڈنگ کی صورت میں شیئر رجسٹرار نے اپنے ریکارڈ میں ضروری ترامیم کرلی ہیں۔
**جوائنٹ اکاؤنٹ ہولڈرز کی صورت میں ڈیویڈنڈ پر ودہولڈنگ ٹیکس:**
اراکین جو مشترکہ حصص کے مالک ہوں، فائلرز اور نان فائلرز کی مخصوص صورتحال کے تحت علیحدہ علیحدہ کاروائی کی جائے گی، ہر اکاؤنٹ ہولڈر کو فائلر یا نان فائلر ہونے کی بناء پر پیش آیا جائے گا اور اس کے شیئر ہولڈنگ کے مطابق ٹیکس کو منہا کیا جائے گا۔ معلومات کی فراہمی موصول نہ ہونے پر تصور کیا جائے گا کہ ہر شیئر ہولڈر مساوی تناسب کا حقدار ہے اور ٹیکس اسی بنیاد پر منہا کیا جائے گا۔
چنانچہ زیادہ شرح پر ٹیکس کٹوتی سے بچنے کے لئے مشترکہ حصص یافتگان سے درخواست ہے کہ اپنے حصص سے متعلق درج ذیل تفصیلات کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو سالانہ عام اجلاس تک فراہم کریں۔

| فولیو/ سی ڈی سی/ اکاؤنٹ نمبر | شیئر ہولڈر کا نام | قومی شناختی کارڈ نمبر | شیئر ہولڈنگ | کل حصص | پرنسپل/ جوائنٹ شیئر ہولڈر |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | |

**ودہولڈنگ ٹیکس سے استثنیٰ کے لیے درست ٹیکس استثنیٰ کا سرٹیفکیٹ:**
انکم ٹیکس آرڈیننس، 2001 کے سیکشن 150 کے تحت ودہولڈنگ ٹیکس کی کٹوتی سے مستثنیٰ ہونے کے لیے ایک درست ٹیکس استثنیٰ کا سرٹیفکیٹ لازمی ہے۔
وہ تمام ممبران جو انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کے دوسرے شیڈول کے جزو IV کی شق 47B کے تحت اہل ہیں اور استثنیٰ کے حصول کے خواہشمند ہیں انہیں اپنے درست ٹیکس استثنیٰ کے سرٹیفکیٹ کی ایک کاپی شیئر رجسٹرار کو بندشِ کُتب کے آغاز کی تاریخ سے قبل فراہم کرنا ہوگی، بصورت دیگر قابل اطلاق قانون کے مطابق ٹیکس کاٹ لیا جائے گا۔

10۔ **کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 244 کے تحت غیر دعویدار ڈیویڈنڈ/ حصص:**
کمپنی کے غیر دعوی شدہ ڈیویڈنڈ/ حصص کیلئے ایک تازہ ترین فہرست کمپنی کی ویب سائٹ **https://www.aasml.com** پر دستیاب ہے۔ یہ غیر دعویٰ شدہ ڈیویڈنڈ/ حصص ہیں، جو واجب الادا اور قابل ادائیگی ہونے کی تاریخ سے تین (3) سال کی مدت سے غیر دعویدار یا واجب الادا ہیں۔
ایسے حصص یافتگان جو کسی بھی وجہ سے تاحال منافع منقسمہ وصول نہیں کر سکے ہیں سے درخواست ہے کہ اپنے غیر موصول شدہ منافع منقسمہ اگر کوئی ہوں، تو اس کی وصولیابی کیلئے شیئر رجسٹرار، سینٹرل ڈپازیٹری کمپنی آف پاکستان، سی ڈی سی ہاؤس، B-99، بلاک بی، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہ فیصل، کراچی 74000 سے رابطہ کریں۔ کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 244(2) کی تعمیل کے مطابق، تمام مطلوبہ طریقہء کار کی تکمیل کے بعد، تمام منافع منقسمہ جو تین سال یا اس سے زائد مدت سے واجب الادا ہوں اور تاحال غیر وصول شدہ ہوں تو وہ وفاقی حکومت کو منتقل کردیئے جائیں گے۔

11۔ **بذریعہ ویڈیو کانفرنس شرکت کی اجازت:**
کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعات (2) 132 اور 134(b) کے تحت کمپنی کو اگر ایسے ممبران، جن کی شیئرز ہولڈنگ 10 فیصد یا اس سے زائد ہو اور وہ اجلاس عام کی جگہ سے دور کسی اور مقام پر رہتے ہوں، اور ان کی جانب سے بذریعہ ویڈیو کانفرنس میں شرکت کا اجازت نامہ اجلاس عام سے 7 دن قبل موصول ہو تو اس صورت میں کمپنی ان کے لئے ان کے شہر میں یہ سہولت میسر ہونے کی صورت میں ویڈیو کانفرنس کے ذریعے اجلاس عام میں شرکت کا انتظام کرے گی۔ لہٰذا اس سہولت سے فائدہ اٹھانے کے لیے براہ مہربانی مندرجہ ذیل معلومات کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں جمع کروائیں:

"میں/ ہم ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ساکن ۔۔۔۔۔۔ العباس شوگر ملز لمیٹڈ کا ممبر ہونے کے ناطے اور عمومی حصص ۔۔۔۔۔۔ حامل ہوں، بمطابق رجسٹرڈ پورٹ فولیو/ سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ بذریعہ درخواست ہذا ویڈیو کانفرنس سہولت ۔۔۔۔۔۔۔ کیلئے درخواست دیتا/ دیتی ہوں۔"

-----------------------
ممبر کے دستخط

12۔ **خصوصی کاروبار پر پولنگ:**
ممبران کو مطلع کیا جاتا ہے کہ کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز، 2018 کے مطابق ایس آر او 2192(1)/ 2022 بتاریخ 05 دسمبر 2022 کو ایس ای سی پی کے جاری کردہ نوٹیفکیشن کے ذریعے ترمیم کی گئی۔ تمام لسٹڈ کمپنیوں کو ایس ای سی پی کی ہدایات ہیں کہ وہ الیکٹرانک ووٹنگ کی سہولت کے ذریعے ووٹ ڈالنے کا حق فراہم کریں نیز خصوصی کاروبار کے زمرے میں آنے والے تمام کاروباری امور پر ممبران کو بذریعہ ڈاک ووٹ دیں، اس کے مطابق العباس شوگر ملز لمیٹڈ ("کمپنی") کے اراکین بروز جمعرات، مورخہ 25 جنوری 2024 کو صبح 11:30 بجے منعقد ہونے والی اپنے آئندہ سالانہ اجلاس عام میں ضروریات کے مطابق اور مذکورہ ضوابط میں موجود شرائط کے تابع ای ووٹنگ کی سہولت کے ذریعے یا خصوصی کاروبار کے لیے بذریعہ ڈاک ووٹنگ کے لیے اپنا حق رائے دہی استعمال کرنے کی اجازت ہے۔

13۔ **ای ووٹنگ کا طریقہ کار:**
(i) ای ووٹنگ کی سہولت کی تفصیلات کمپنی کے ان ممبران کے ساتھ ایک ای میل کے ذریعے شیئر کی جائیں گی جن کے پاس اپنے درست CNIC نمبر، فون نمبر اور ای میل ایڈریس، کمپنی کے ممبران کے رجسٹر میں مورخہ 17 جنوری 2024 کو کاروبار کے اختتام تک دستیاب ہوں گے۔
(ii) ویب ایڈریس، لاگ اِن کی تفصیلات، اور پاس ورڈ، ای میل کے ذریعے اراکین کو مطلع کیا جائے گا۔ (ای ووٹنگ سروس فراہم کنندہ ہونے کے ناطے) سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ کے ویب پورٹل سے ایس ایم ایس کے ذریعے اراکین کو سیکیورٹی کوڈز کی اطلاع دی جائے گی۔
(iii) ای ووٹنگ کے ذریعے ووٹ ڈالنے کا ارادہ رکھنے والے اراکین کی شناخت الیکٹرانک دستخط یا لاگ اِن کے لیے تصدیق کے ذریعے کی جائے گی۔
(iv) ای ووٹنگ لائنیں مورخہ 22 جنوری 2024 کو صبح 09:00 بجے سے شروع ہوں گی اور 24 جنوری 2024 کو شام 5:00 بجے بند ہو جائیں گی۔ ممبران اس مدت کے دوران کسی بھی وقت اپنا ووٹ ڈال سکتے ہیں۔ ایک بار جب کسی رکن کی طرف سے قرارداد پر ووٹ ڈالا جاتا ہے، تو اسے بعد میں اس کو تبدیل کرنے کی اجازت نہیں ہوگی۔

14۔ **پوسٹل بیلٹ کے ذریعہ ووٹنگ کا طریقہ کار:**
(الف) ممبران متبادل طور پر پوسٹل بیلٹ کے ذریعہ ووٹ ڈالنے کا انتخاب کر سکتے ہیں۔ ممبران کی سہولت کے لیے بیلٹ پیپر اس نوٹس کے ساتھ منسلک ہے۔ نیز یہ کمپنی کی ویب سائٹ **www.aasml.com** پر بھی دستیاب ہے۔
ب) ممبران اس امر کو بھی یقینی بنائیں کہ بیلٹ پیپر صحیح طریقے سے بھرے ہوئے اور دستخط شدہ ہوں نیز قومی شناختی کارڈ کی کاپی کے ہمراہ کمپنی کے کراچی آفس، العباس شوگر ملز لمیٹڈ، سروے نمبر 2 / 1 آر وائی 16، اولڈ کوئینز روڈ کراچی کو اجلاس عام سے ایک دن قبل یعنی 24 جنوری 2024 کو شام 5:00 بجے تک **chairman@aasml.com** پر ای میل کریں۔ اس وقت/ تاریخ کے بعد موصول ہونے والا پوسٹل بیلٹ ووٹنگ کے لیے زیر غور نہیں آئے گا اور پوسٹل بیلٹ پیپر پر درج دستخط قومی شناختی کارڈ پر درج دستخط سے مماثل ہونا چاہئیے۔

15۔ **CDC اکاؤنٹس میں فزیکل شیئرز جمع کروانا:**
کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 72 کے مطابق تمام موجودہ کمپنیوں کو کمپنیز ایکٹ، 2017 کے آغاز کی تاریخ سے چار سال کی مدت کے اندر اپنے فزیکل شیئرز کو بک انٹری فارم میں تبدیل کروانے کی ضرورت ہے۔
سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے اپنے سرکلر نمبر CSD/ED/Misc/2016-639-640 مجریہ 26 مارچ 2021 کے ذریعے لسٹڈ کمپنیوں کو تجویز کیا ہے کہ وہ اپنے ایسے ممبران کی پیروی کریں جن کے پاس تاحال فزیکل شکل میں حصص موجود ہیں تاکہ وہ اپنے حصص کو بک انٹری فارم میں تبدیل کرسکیں۔
ہم یہاں العباس شوگر ملز لمیٹڈ کے ایسے تمام ممبران سے درخواست کرتے ہیں جو فزیکل شکل میں حصص رکھتے ہیں اپنے حصص کو جلد از جلد بک انٹری فارم میں تبدیل کرلیں۔ انہیں سینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ یا پاکستان اسٹاک ایکسچینج کے کسی بھی فعال ممبر/ اسٹاک بروکر سے رابطہ کرنے کا مشورہ دیا جاتا ہے تاکہ فزیکل شیئرز کو بک انٹری فارم میں تبدیل کرنے میں آسانی کے لیے وہ سینٹرل ڈپازٹری سسٹم میں اکاؤنٹ کھول سکیں۔
ممبران کو مطلع کیا جاتا ہے کہ بک انٹری فارم میں شیئرز رکھنے کے کئی فائدے ہیں جن میں درج ذیل شامل ہیں، لیکن یہ ان تک محدود نہیں ہے۔
• حصص کی محفوظ اور آسان تحویل
• آسانی سے قابل تجارت اور قابل منتقلی
• نقصان، خسارے یا چوری کا کوئی خطرہ نہیں
• بک انٹری فارم میں حصص کی منتقلی پر کوئی اسٹیمپ ڈیوٹی نہیں
• بونس یا رائٹ شیئرز کا بغیر کسی رکاوٹ کے کریڈٹ
ہم ایک بار پھر کمپنی کے ممبران کو سختی سے تاکید کرتے ہیں کہ وہ اپنے بہترین مفاد میں اپنے فزیکل شیئرز کو جلد از جلد بک انٹری فارم میں تبدیل کریں۔

**کمپنیز ایکٹ، 2017 کی دفعہ 134(3) کے تحت بیان:**
یہ بیان مورخہ 25 جنوری 2024 کو منعقد ہونے والے کمپنی کے سالانہ اجلاس عام میں لین دین کے لیے تجویز کردہ خصوصی کاروباری امور سے متعلق مادی حقائق کا تعین کرتا ہے۔

**ایجنڈے کا آئٹم نمبر 5 – QR فعال کوڈ کے ذریعے سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں کی ترسیل:**
ایس ای سی پی نے اپنے نوٹیفکیشن نمبر ایس آر او 389 (I) 2023/ مجریہ 21 مارچ 2023 کے ذریعے لسٹڈ کمپنیوں کو سالانہ بیلنس شیٹ اور منافع اور نقصان کے اکاؤنٹ، آڈیٹر کی رپورٹ اور ڈائریکٹر کی رپورٹ وغیرہ، سالانہ اجلاس عام میں شیئر ہولڈرز کی منظوری سے مشروط ("سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں") اپنے اراکین کو QR فعال کوڈ اور ویب لنک کے ذریعے اپنے اراکین کو ترسیل کرنے کی اجازت دی ہے۔ یہ سہولت تمام اراکین کو، چاہے وہ جہاں کہیں بھی ہوں، کمپنی کے مالی گوشواروں تک رسائی حاصل کرنے میں مدد فراہم کرے گی۔ دوسری بات یہ کہ اس سے سی ڈیز وغیرہ بنانے کے غیر ضروری اخراجات میں بھی کمی آئے گی، یہ بھی نوٹ کیا گیا ہے کہ زیادہ تر نئے کمپیوٹرز میں سی ڈی روم بھی موجود نہیں، جس کی وجہ سے بیشتر ممبران کو پریشانی کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔
تکنیکی ترقی اور متروک فرسودہ ٹیکنالوجی کو دیکھتے ہوئے، CD/DVD/USB کے ذریعے سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں کی ترسیل کو منقطع کردیا جائے گا۔
کمپنی طلب کے مطابق سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں کی ہارڈ کاپیاں شیئر ہولڈرز کو ایسے کسی مطالبہ کے ایک ہفتے کے اندر بلا معاوضہ فراہم کرے گی۔ اس سلسلے میں، کمپنی اپنی ویب سائٹ پر کمپنی سیکرٹری/ شیئر رجسٹرار کے نامزد پوسٹل اور ای میل ایڈریس کے ساتھ ایک معیاری درخواست فارم دستیاب کرے گی جس سے ایسی تمام درخواستیں دائر کی جاسکیں گی۔
کمپنی کے شیئر ہولڈرز کے علاوہ کسی بھی ڈائریکٹر کی مذکورہ کاروباری امور میں براہ راست یا بالواسطہ دلچسپی نہیں ہے۔

**بروز جمعرات 25 جنوری 2024 بوقت صبح 11:30 بجے بمقام Mövenpick ہوٹل، کراچی میں منعقدہ ووٹنگ کے لئے بیلٹ پیپر برائے پول بذریعہ ڈاک۔**

## العباس شوگر ملز لمیٹڈ

AL-ABBAS

رجسٹرڈ آفس: پردیسی ہاوس، سروے نمبر 2/1، R.Y-16، اولڈ کوئینز روڈ، کراچی۔ پاکستان
یو اے این نمبر: 224-111-111 فیکس نمبر: (92-21-32470090) ویب سائٹ https://www.aasml.com
**چیئرمین کا متعلقہ ای میل ایڈریس جس پر باضابطہ مکمل شدہ بیلٹ پیپر بھیجے جاسکتے ہیں: chairman@aasml.com**

| | |
|---|---|
| فولیو نمبر / سی ڈی ایس اکاؤنٹ نمبر | |
| شیئر ہولڈر/ جوائنٹ شیئر ہولڈرز کے نام | |
| رجسٹرڈ ایڈریس | |
| تحویل میں موجود شیئرز کی تعداد | |
| سی این آئی سی/ یا پاسپورٹ نمبر (غیر ملکی ہونے کی صورت میں، کاپی منسلک کی جائے گی) | |
| اضافی معلومات اور متعلقہ دستاویزات (باڈی کارپوریٹ، کارپوریشن اور وفاقی حکومت کے نمائندے کی صورت میں) | |

میں/ ہم یہاں مندرجہ ذیل قراردادوں کی منظوری یا نہ منظوری کے لئے اپنی حق رائے دہی (✓) نشان مندرجہ ذیل دیئے گئے خانوں میں لگا کر استعمال کرتا ہوں/ کرتے ہیں۔

| ایجنڈا نمبر | قرارداد | عمومی شیئرز کی تعداد حق رائے دہی کے لئے | میں/ ہم اس قرارداد کے حق میں ہوں/ ہیں (FOR) | میں/ ہم اس قرارداد کے حق میں نہیں ہوں/ ہیں (AGAINST) |
|---|---|---|---|---|
| | **خصوصی قرارداد:** | | | |
| 05 | منظوری کے لیے، ایک قراردادِ عام کے ذریعے، سالانہ بیلنس شیٹ، نفع و نقصان کے اکاؤنٹ، آڈیٹرز رپورٹ، ڈائریکٹرز رپورٹ ("آڈٹ شدہ سالانہ مالیاتی گوشوارے") اور عام اجلاسوں کے نوٹس وغیرہ کی کمپنی کو منتقلی شیئر ہولڈرز کو بذریعہ ای میل یا QR فعال کوڈ اور ویب لنک جیسا کہ ایس آر او نمبر 389 (I) 2023/ بتاریخ 21 مارچ 2023 کے ذریعے سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی اجازت حاصل ہے۔ "قرار طے پایا، جیسا کہ سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی طرف سے ایس آر او نمبر 389 (I) 2023/ بتاریخ 21 مارچ 2023 کے ذریعے مطلع کیا گیا ہے، آڈٹ شدہ سالانہ مالیاتی گوشواروں کی ترسیل CD/DVD/USB کے ذریعے ترسیل کرنے کے بجائے، اراکین کو آڈٹ شدہ سالانہ مالیاتی گوشواروں کی ترسیل مستقبل کے لیے بذریعہ QR فعال کوڈ اور ویب لنک کی جائے نیز اس کی توثیق اور منظوری دی جائے۔ | | | |

------------------------
شیئر ہولڈر کے دستخط

بمقام، کراچی، تاریخ: 29 دسمبر 2023

**نوٹس/ بیلٹ پیپر جمع کرانے کا طریقہ کار:**

۱۔ **باضابطہ طور پر مکمل کردہ بیلٹ پیپر العباس شوگر ملز کے چیئرمین جناب ذکریا عثمان صاحب کو کمپنی کے رجسٹرڈ پتہ: پردیسی ہاؤس، سروے نمبر 2/1، R.Y.16، اولڈ کوئینز روڈ، کراچی۔ پاکستان یا کمپنی کے متعلقہ ای میل ایڈریس: chairman@aasml.com** پر ارسال کریں۔

۲۔ بیلٹ پیپر کے ہمراہ سی این آئی سی یا پاسپورٹ کی کاپی (غیر ملکی ہونے کی صورت میں) منسلک کرنا ہوگی۔

۳۔ پوسٹل بیلٹ پیپر فارم چیئرمین کو اجلاس عام سے ایک دن قبل یعنی **24 جنوری 2024** تک دفتری اوقات کار میں موصول ہو جانا چاہئے۔ اس تاریخ کے بعد موصول ہونے والے پوسٹل بیلٹ فارم ووٹنگ کے لئے کارآمد نہیں ہوں گے۔

۴۔ غیر ملکی ہونے کی صورت میں پوسٹل بیلٹ پیپر پر موجود دستخط سی این آئی سی/ یا پاسپورٹ پر موجود دستخط جیسے ہونے چاہیئے۔

۵۔ نامکمل، دستخط کے بغیر، غلط، خراب، پھٹے ہوئے، کٹے ہوئے یا مٹا کر لکھے ہوئے بیلٹ پیپر منسوخ کئے جائیں گے۔